رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عامہ سال اول** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **الفقہ+العقیدۃ**

تاریخ: **25-02-2023** دن: ہفتہ کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: اگر کوئی اسلامی بہن اذان کا جواب دے یعنی مؤذن جو کہتا ہے اسلامی بہن بھی وہ دہراتی جائے تو کتنی نیکیاں ملیں گی، کتنے درجات بلند ہوں گے، اور کتنے گناہ معاف ہوں گے؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: اللہ اکبر اللہ اکبر دونوں ملکر ایک کلمہ ہیں مؤذن دونوں کے بعد سکتہ کرے۔ سکتے کی مقدار اور سکتے کے ترک کا حکم تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: اسلامی بھائیوں کے ناف کے نیچے ہاتھ باندھنے کا طریقہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 4: سجدے میں نظر کہاں ہونی چاہیے؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: نماز کی شرائط میں سے طہارت کی تعریف تحریر کریں۔

سوال نمبر 6: نمازی نے بلاعذر جان بوجھ کر قبلہ سے سینہ پھیر دیا اگرچہ فوراً ہی قبلہ کی طرف ہو گیا نماز کا حکم تحریر کریں۔

سوال نمبر 7: اوقات مکروہہ تین ہیں کون کون سے ہیں؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر 8: نماز کے سات فرائض ہیں کسی چھ کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 9: نماز جنازہ کی نیّت تحریر کریں۔

سوال نمبر 10: مقتدی نے تکبیر تحریمہ کا لفظِ اللہ امام کے ساتھ کہا مگر اکبر امام سے پہلے ختم کر لیا اس صورت میں نماز کا حکم تحریر کریں۔

سوال نمبر 11: کیا بندہ گناہ کبیرہ کی وجہ سے ایمان سے خارج ہو جاتا ہے؟

سوال نمبر 12: کون سے دو صحابہ کرام علیہم الرضوان کے مزارات حضور ﷺ کے مزار مبارک کے برابر میں سنہری جالیوں کے اندر ہیں؟

سوال نمبر 13: خلفاء راشدین میں سے سب سے افضل کون ہیں؟

سوال نمبر 14: اصحاب بدر رضی اللہ عنھم سے کون مراد ہیں؟

سوال نمبر 15: کیا قریش کے علاوہ کسی قبیلے سے امام (خلیفہ) ہو سکتا ہے؟

سوال نمبر 16: کیا بے علم بھی ولی بن سکتا ہے؟

سوال نمبر 17: استمداد و استعانت سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 18: انبیاء کرام **علیہم السلام** و اولیاءِ عظام **رحمہم اللہ تعالیٰ** سے توسّل کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 19: کیا دنیا سے رحلت کر جانے والوں سے توسّل جائز ہے؟

سوال نمبر 20: توسّل کے حوالے سے امام شافعی علیہ الرحمۃ کا عمل تحریر کریں۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: جو شخص تکبیر کے تلفّظ پر قادر نہ ہو یعنی گونگا ہو ایسے شخص کے تلفّظ کا حکم تحریر کریں۔ نیز بتائیں کہ اگر کسی شخص کو پہلی رکعت کا رکوع مل گیا تو اسے تکبیر اولیٰ کی فضیلت ملے گی یا نہیں؟ (5+5=10)

سوال نمبر 2: کتنا قیام کرنا فرض ہے، کتنا واجب ہے اور کتنا سنت ہے؟ مقدار تحریر کریں۔ نیز بتائیں کہ فرض، وتر، عیدین اور سنّت فجر میں قیام فرض ہے یا واجب ہے یا سنت ہے؟ (2.5x4=10)

سوال نمبر 3: ایصال ثواب کے ثبوت میں کوئی ایک حدیث مبارکہ تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر 4: تیجہ، دسواں اور چالیسواں کیا ہیں؟ (10)

سوال نمبر 5: عُرس کسے کہتے ہیں نیز بتائیں کہ کسی بزرگ کا عرس منانا کیسا ہے؟ (5+5=10)

رول نمبر: ________________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: عامہ سال اول | پرچہ: چوتھا | مضمون: النحو+اللغةالعربیة

تاریخ: 28-02-2023 | دن: منگل | کل وقت: 2گھنٹے30منٹ | کل نمبر: 75

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات(Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر1: فعل مضارع کے اعراب کون کون سے ہیں؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر2: حروف مشبہ بالفعل کی خبر جملہ ہو تو کیا حکم ہے؟

سوال نمبر3: لاء نفی جنس کی تعریف مثال کے ساتھ تحریر کریں۔

سوال نمبر4: لاء نفی جنس کا اسم کب مبنی ہوتا ہے؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر5: کس صورت میں لیس کی خبر لفظاً مجرور ہوتی ہے؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر6: کن صورتوں میں ما اور لا عمل نہیں کرتے؟ صرف صورتیں لکھیں۔

سوال نمبر7: مفعول مطلق نوعی کب ہوتا ہے؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر8: کیا مفعول بہ فاعل یا فعل سے پہلے آسکتا ہے؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر9: ظرف زمان مبہم کی تعریف مثال کے ساتھ تحریر کریں۔

سوال نمبر10: کس ظرف سے پہلے فِیْ لانا واجب ہے؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر11: کب واو کو عاطفہ لینا اور مع کے معنی میں لینا دونوں جائز ہیں؟

سوال نمبر12: حال کو ذوالحال سے پہلے لانا کب ضروری ہے؟

سوال نمبر13: تمیز اور مُمَیَّز کسے کہتے ہیں؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر14: مستثنیٰ متصل کسے کہتے ہیں؟ مثال کے ساتھ تحریر کریں۔

سوال نمبر15: فعل معروف فاعل کو رفع اور چھ اسماء کو نصب دیتا ہے جن اسماء کو نصب دیتا ہے انکے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر16: تابع اور متبوع کسے کہتے ہیں؟ مثال کے ساتھ تحریر کریں۔

سوال نمبر17: معطوف اور عطف بیان کا اعراب کیا ہوتا ہے؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر18: بدل کل، بدل بعض اور بدل اشتمال کی تعریفات تحریر کریں۔

سوال نمبر19: مِنْ اَیْنَ انتَ؟ کا عربی میں جواب تحریر کریں۔

سوال نمبر20: ماجنسیَتُکِ؟ کا عربی میں جواب تحریر کریں۔

## طویل سوالات(Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)**

سوال نمبر1: کذا، کاین، کیت اور ذیت کی تمیز کسطرح آتی ہے؟ تحریر کریں۔ (4+4+2=10)

سوال نمبر2: صفت مشبہ کا عمل اور اسکے عمل کی شرط تحریر کریں، نیز مفضل اور مفضل علیہ کسے کہتے ہیں؟ تحریر کریں۔ (3+3+4=10)

سوال نمبر3: اسم فعل منقول، معدول اور مرتجل کسے کہتے ہیں؟ نیز مرتجل کی مثال بھی تحریر کریں۔ (3+3+3+1=10)

سوال نمبر4: درج ذیل کے جوابات تحریر کریں۔ (2.5x4=10)

(1) اسم مفعول کیا عمل کرتا ہے؟

(2) افعال مقاربہ کی تعریف تحریر کریں۔

(3) مصدر کتنی طرح سے استعمال ہوتا ہے؟ نام تحریر کریں۔

(4) کن صورتوں میں افعال قلوب کو عمل دینا یا نہ دینا دونوں جائز ہیں؟

سوال نمبر5: درج ذیل جملوں کے عربی میں درست جوابات تحریر کریں۔ (2.5x4=10)

(1) مِنْ اَیِّ بلدٍ انتَ؟ (2) مامِهْنَتُکَ؟ (3) مَاوَظیفَةُ اسماعیلَ؟ (4) ماذا تعمل نبیلة؟

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنز المدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عامہ سال اول** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **الصرف**

تاریخ: **27-02-2023** | دن: **پیر** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: فعل امر غائب و متکلم معروف بنانے کا طریقہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: لَاعَمَلْ صیغے کا ترجمہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 3: فعل امر مجہول بنانے کا طریقہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 4: لَاتَکْفُرَا صیغے کا ترجمہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 5: حروف زائدہ کی تعریف تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 6: ثلاثی مزید فیہ کی تعریف اور مثال تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 7: باب کسے کہتے ہیں؟ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 8: ثلاثی مجرد ماضی مکسور العین سے کوئی تین ابواب تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 9: ثلاثی مجرد کے اوزان سماعی ہیں یا قیاسی اور کیا ان کے بنانے کا کوئی مخصوص قاعدہ ہے؟

سوال نمبر 10: صفت مشبہ کی تعریف اور مثال تحریر کریں۔

سوال نمبر 11: اِکْرَامٌ مصدر سے اسم فاعل مؤنث کے صیغے تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 12: باب تَفْعِیْلٌ کے مصدر تَصْرِیْفٌ سے اسم مفعول مذکر کے صیغے تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 13: ثلاثی مزید فیہ، صحیح سالم، از باب تَفْعِیْلٌ کے مصدر تَصْرِیْفٌ سے فعل مضارع مطلق مثبت مجہول کے 03 صیغے مذکر حاضر کے تحریر کریں۔

سوال نمبر 14: ثلاثی مزید فیہ، صحیح سالم، از باب تَفْعِیْلٌ کے مصدر تَصْرِیْفٌ سے فعل نفی جحد بلم مجہول کے 03 صیغے مؤنث حاضر کے تحریر کریں۔

سوال نمبر 15: ثلاثی مزید فیہ، صحیح سالم، از باب مُفَاعَلَۃٌ کے مصدر مُقَابَلَۃٌ سے فعل امر معروف کے 03 صیغے مذکر غائب کے تحریر کریں۔

سوال نمبر 16: ثلاثی مزید فیہ، صحیح سالم، از باب تَفَاعُلٌ کے مصدر تَقَابُلٌ کی صرف صغیر سے صرف اسم آلہ کا صیغہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 17: ثلاثی مزید فیہ، صحیح سالم، از باب اِفْتِعَالٌ کے مصدر اِجْتِنَابٌ کی صرف صغیر سے صرف اسم تفضیل (افعل التفضیل المذکر منہ) کا صیغہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 18: ثلاثی مزید فیہ، صحیح سالم، از باب اِنْفِعَالٌ کے مصدر اِنْفِطَارٌ سے فعل امر حاضر معروف مذکر کے صِرف 03 صیغے تحریر کریں۔

سوال نمبر 19: ثلاثی مزید فیہ، صحیح سالم، از باب اِفْعِلَالٌ کے مصدر اِحْمِرَارٌ سے فعل ماضی مطلق مثبت مجہول کے صِرف 03 صیغے مؤنث غائب کے تحریر کریں۔

سوال نمبر 20: ثلاثی مزید فیہ، صحیح سالم، از باب اِسْتِفْعَالٌ کے مصدر اِسْتِنْصَارٌ سے فعل نہی معروف مذکر غائب کے صِرف 03 صیغے تحریر کریں۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: اسم ظرف کی تعریف، مثال اور اوزان مثال کے ساتھ تحریر کریں۔ (3+2+4+1=10)

سوال نمبر 2: اسم کی آلہ تعریف، مثال اور اوزان مثال کے ساتھ تحریر کریں۔ (3+1+3+3=10)

سوال نمبر 3: ثلاثی مزید فیہ، صحیح سالم، از باب اِفْعِلَالٌ کے مصدر اِحْمِرَارٌ سے فعل امر مجہول کی مکمل گردان تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر 4: ثلاثی مزید فیہ، صحیح سالم، از باب اِفْعِیْلَالٌ کے مصدر اِدْھِیْمَامٌ سے فعل نفی جحد بلم معروف کی مکمل گردان تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر 5: ثلاثی مزید فیہ، صحیح سالم، از باب اِفْعِوَّالٌ کے مصدر اِجْلِوَّاذٌ سے فعل مضارع مطلق مثبت مجہول کی مکمل گردان تحریر کریں۔ (10)

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنز المدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عامہ سال اول** | پرچہ: **پانچواں** | مضمون: **السيرة النبوية**

تاریخ: **01-03-2023** | دن: **بدھ** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کے علاوہ حضور ﷺ کی ساری اولاد حضور ﷺ کی کونسی زوجہ محترمہ سے ہوئی؟

سوال نمبر 2: حضور ﷺ نے حجر اسود کے نصب کرنے کے جھگڑے کو ٹالنے کے لیے کیا فیصلہ فرمایا؟

سوال نمبر 3: خانہ کعبہ میں کتنے بُت تھے؟

سوال نمبر 4: حضور ﷺ مکہ کی کس غار میں عبادت کے لیے تشریف لے جایا کرتے تھے؟

سوال نمبر 5: وحی کی ابتداء کس چیز سے ہوئی؟

سوال نمبر 6: جب حضور ﷺ رمضان المبارک کی رات غار حرا میں عبادت میں مشغول تھے اس وقت رب تعالی کا روح پرور پیغام آپ ﷺ تک کس فرشتے نے پہنچایا؟

سوال نمبر 7: آزاد کردہ غلاموں میں سے حضور ﷺ پر سب سے پہلے ایمان کون لائے؟

سوال نمبر 8: غلاموں میں سے حضور ﷺ پر سب سے پہلے ایمان کون لائے؟

سوال نمبر 9: حضور ﷺ ابتدائے اسلام میں خفیہ طور پر صحابہ کرام علیہم الرضوان کی تربیت کس جگہ فرماتے تھے؟

سوال نمبر 10: حضور ﷺ نے قبیلۂ قریش کو دعوت اسلام کس پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر دی؟

سوال نمبر 11: حضور ﷺ نے اعلانیہ (کھلم کھلا) دین کی تبلیغ اعلان نبوت کے کونسے سال شروع فرمائی؟

سوال نمبر 12: حضرت خبّاب رضی اللہ عنہ پر کفار نے کیا ظلم وستم کیے؟ مختصراً تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 13: جب کفار حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ پر اسلام چھڑوانے کے لیے ظلم وستم کرتے تو اُس وقت حضرت بلال رضی اللہ عنہ انہیں کیا جواب ارشاد فرماتے؟

سوال نمبر 14: حضرت عمّار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی والدہ حضرت سمیّہ رضی اللہ عنہا وہ خوش بخت خاتون ہیں جنھوں نے اسلام میں سب سے پہلے اپنے خون کا نذرانہ پیش کیا۔ کس بدبخت نے انہیں شہید کیا؟

سوال نمبر 15: ہجرت اولیٰ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 16: ابو طالب کی وہ گھاٹی جسکو اب شعب ابی طالب کہتے ہیں۔ مسلمان وہاں کتنے سال محصور رہے؟

سوال نمبر 17: اعلان نبوت کے دسویں سال کو حضور ﷺ نے "عام الحزن" کیوں قرار دیا؟

سوال نمبر 18: سرکار ﷺ نے طائف کے بدمعاش اور شریر لوگوں کی شرارت سے بچنے کے لیے انگوروں کے باغ میں پناہ لی وہاں پر کون ایمان لایا؟

سوال نمبر 19: سفر طائف سے واپسی پر مقام نخلہ پر کیا اہم واقعہ پیش آیا؟

سوال نمبر 20: بیعت عقبۂ اولیٰ کسے کہتے ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: حضور ﷺ کو شہید کرنے کے لیے کفار مکہ نے دار الندوہ میں جو مشورہ کیا اس میں ابو جہل نے کیا مشورہ دیا؟ (10)

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (5+5=10)

(1) حضور ﷺ نے اپنے بستر پر کس کو سُلایا؟ (2) کفار حضور ﷺ کو کیوں نہ دیکھ سکے؟

سوال نمبر 3: مسجد قُبا کی تعمیر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تحریر کریں۔ نیز بتائیں کہ حضور ﷺ نے پہلا جمعہ کہاں ادا فرمایا؟ (5+5=10)

سوال نمبر 4: شرعی اذان کا طریقہ کسطرح رائج ہوا؟ (10)

سوال نمبر 5: قبلے کی تبدیلی کا حکم کہاں اور کس نماز میں نازل ہوا؟ (5+5=10)

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنز المدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عامہ سال اول** پرچہ: **پہلا** مضمون: **التجوید+دراسة القرآن**

تاریخ: **23-02-2023** دن: **جمعرات** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "ط، د، ت" کا مخرج مع لقب بیان کیجیے۔

سوال نمبر 2: "ض" کا مخرج مع لقب بیان کیجیے۔

سوال نمبر 3: صفات لازمہ کی تعریف تحریر کریں۔

سوال نمبر 4: حروف شدیدہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: صفیر کے اصطلاحی معنی تحریر کریں۔

سوال نمبر 6: اظہار کا قاعدہ مثال کے ساتھ تحریر کریں۔

سوال نمبر 7: ادغام یرملون کی شرط تحریر کریں۔

سوال نمبر 8: میم ساکن کے قواعد کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 9: ادغام کی شرائط تحریر کریں۔

سوال نمبر 10: "مِثْلَیْن" کی تعریف تحریر کریں۔

سوال نمبر 11: نینویٰ شہر کے لوگوں کی توبہ کس دن قبول ہوئی؟

سوال نمبر 12: سِجّین کیا ہے؟

سوال نمبر 13: عِلِّیِّین کیا ہے؟

سوال نمبر 14: بنی اسرائیل پر کس چیز نے سایہ کیا؟

سوال نمبر 15: بنی اسرائیل کو کون سے ملک کو چھوڑنے کا حکم دیا گیا؟

سوال نمبر 16: سامری کو اس کے جرم کی دنیا میں کیا سزا ملی؟

سوال نمبر 17: ہمارے پیارے نبی ﷺ کو کن لوگوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے؟

سوال نمبر 18: سورہ انبیاء میں فرشتوں کی کیا صفات بیان کی گئی ہیں ان میں سے کوئی تین تحریر کریں۔

سوال نمبر 19: کیا حضرت ابراہیم علیہ السلام کو شدید بھڑکتی آگ نے نقصان پہنچایا؟

سوال نمبر 20: سورہ حج کا نام "الحج" رکھنے کی وجہ بیان کیجیے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: غنّہ آنی کسے کہتے ہیں اور غنّہ آنی کی مقدار بیان کیجیے۔ نیز غنّہ زمانی کیا ہے؟ تحریر کریں۔ (4+2+4=10)

سوال نمبر 2: سکون اصلی و سکون عارضی کی تعریفات تحریر کریں۔ (5+5=10)

سوال نمبر 3: دھوکہ دینے والے کے بارے میں قرآن کا کیا حکم ہے نیز یہ بتائیں کہ سورۃ البروج میں کن لوگوں پر لعنت کی گئی ہے؟ (5+5=10)

سوال نمبر 4: سورہ حج میں کن لوگوں کے بارے میں فرمایا گیا ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ وہ دل اندھے ہوتے ہیں جو سینوں میں ہیں؟
نیز بتائیں کہ سورہ حج میں مسلمانوں کا طرز حکومت کیا بیان کیا گیا ہے؟ (5+5=10)

سوال نمبر 5: کافر حضرت نوح علیہ السلام پر ایمان نہ لانے کے کیا بہانے بناتے تھے؟ (10)